# سوال

(754)امام دونوں طرف سلام پھیرے توپھر مسبوق اٹھ کر بقیہ نماز مکمل کرے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ کہتے ہیں کہ امام کے ایک طرف سلام پھیرنے کے بعد مسبوق اپنی نماز کےلیے کھڑا ہو اور بعض کہتے ہیں کہ امام دونوں طرف سلام پھیر کر نماز سے فارغ ہوتا ہے۔ لہٰذا دوسری طرف سلام پھیرنے سے ہی مقتدی متابعت وپیروی سے الگ ہوتا ہے، لہٰذا امام دونوں طرف سلام پھیرچکے تب مسبوق کھڑا ہواپنی نماز مکمل کرنے کےلیے۔ کون سی بات درست ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام دونوں طرف سلام پھیرے توپھر مسبوق کواٹھ کر بقیہ نماز مکمل کرنی چاہیے۔ کیونکہ نماز سے فراغت تک مسبوق امام کی اقتداء میں رہتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 646

### محدث فتویٰ